pakcity.org

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

اُردو (لازمی) (معروضی) گروپ پہلا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

Objective
Paper Code
6027

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | استعارہ لفظ ہے: | ہندی | اُردو | عربی | فارسی |
| 2 | استعارہ ہے: | چاند جیسا | میرا چاند | چاند سا | چاند تارا |
| 3 | ایک چیز کو دوسری چیز جیسا کہنا کہلاتا ہے: | تلمیح | تشبیہ | استعارہ | کنایہ |
| 4 | تشبیہ ہے: | موتیوں جیسے دانت | ابرِ باراں | سیاہ آنکھیں | قوسِ قزح |
| 5 | ادات تشبیہ دوسرا نام ہے: | مشبہ کا | مشبہ بہ کا | حرفِ تشبیہ کا | غرضِ تشبیہ کا |
| 6 | پطرس بخاری نے طلباء کی اقسام بتائی ہیں: | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 7 | نوجوان تاجر کتب غائبانہ مرید تھا: | علامہ اقبال کا | مولانا روم کا | اکبرالہ آبادی کا | مولانا گرامی کا |
| 8 | مرزا غالب کی اقامت کا دارومدار کس کے حکم پر تھا؟ | میجر برن | کرنل برون | تھانے دار | جمعدار |
| 9 | اچھن کا باپ پیتا تھا: | سگریٹ | چائے | شراب | بیڑی |
| 10 | "سفارش" میں کوچوان کا نام تھا: | فیکا | شریکا | صدیقا | انیقا |
| 11 | پیاز کس بھاؤ بک ______ ہے۔ | رہا | رہتے | رہی | رہے |
| 12 | شجرکاری صدقہ جاریہ ______ ہے۔ | ہوتا | ہوتی | ہوتیں | ہوتے |
| 13 | یہ راہ کہاں ختم ہو ______ | گا | گئیں | گی | گئے |
| 14 | اصغر کو خاصی دیر بعد ہوش ______ | آیا | آئی | آئے | آئیں |
| 15 | حسن ______ ناک ٹیڑھی ہے۔ | کا | کی | کو | کے |
| 16 | اب، جب، کب، شب، لب کہلائیں گے: | ردیف | قوافی | تلمیح | مقطع |
| 17 | ردیف اصطلاح ہے: | نثری | افسانوی | شعری | سیاسی |
| 18 | مقطع کے لئے ضروری ہے: | زمین | آخری شعر اور تخلص | مسدس | مخمس |
| 19 | مطلع کے دونوں مصرعے ہوتے ہیں: | ہم قافیہ | ہم آہنگ | ہم خیال | ہم شکل |
| 20 | تلمیح کے معنی ہیں: | کنارہ کرنا | اشارہ کرنا | ارادہ کرنا | سہارا دینا |

1101-XI124-68000

www.pakcity.org
pakcity.org
Please visit for more Data at: www.pakcity.org

رول نمبر:....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

pakcity.org

# اُردو (لازمی) (انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

## ( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,08

نغمہ آزادی کا گونجے گا حرم اور دیر میں — وہ جو دارالحرب ہے ، دارالاماں ہو جائے گا
ہم کو سودا ہے غلامی کا ، کہ آزادی کی دھن — چند ہی دن میں ، ہمارا امتحاں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 01,09

تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے — ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا
تم مرے پاس ہوتے ہو گویا — جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا
حالِ دل یار کو لکھوں کیوں کر — ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

## (حصہ دوئم)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) "تصریف" کی نمایاں خصوصیات میں فاضل مصنف نے اس میں جابجا اپنے تجربات کی روشنی میں سرجری کے متعلق ایسی تصریحات کی ہیں جن سے طبی دنیا اس سے پہلے بے خبر تھی۔ زہراوی کا طرزِ بیان عام فہم اور زبان سادہ ہے۔ وہ جس موضوع پر قلم اٹھاتا ہے اس کے تمام رموز اس خوبی سے بیان کرتا ہے کہ قاری کے لئے کسی قسم کا الجھاؤ باقی نہیں رہتا۔ پھر بعض دیگر طبی مصنفوں کی طرح وہ فلسفیانہ موشگافیوں میں نہیں الجھا بلکہ اپنے فن کے عملی پہلوؤں کو سامنے رکھتا ہے اور صرف انھی امور کی توضیح کرنا ضروری خیال کرتا ہے جو عملی افادیت کے حامل ہوں۔

(ب) رسالہ ایسٹ اینڈ ویسٹ (انگریزی) کے اگست کے نمبر میں ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب نے ایک ریویو دونوں مثنویوں پر لکھا ہے۔ نہایت قابلیت سے لکھا ہے۔ اگر اس ریویو کی کوئی کاپی مل گئی تو ارسال خدمت کروں گا۔ آج "زمانہ" میں ایک ریویو نظر سے گزرا۔ "زمانہ" کے اسی نمبر میں آپ کے اشعار بھی دیکھے جن کو کئی دفعہ پڑھا ہے اور ابھی کئی بار پڑھوں گا۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) ادیب کی عزت (ii) اور آنا گھر میں مرغیوں کا 01,09

5۔ اختر شیرانی کی نظم "برسات" کا خلاصہ لکھیے۔ 05

6۔ دو دوستوں کے درمیان مطالعہ کتب کے فوائد پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ ۔۔ یا ۔۔ "تقریب بسلسلہ یوم اقبال" روداد تحریر کیجیے۔ 10

7۔ سند جاری کروانے کے لئے چیئرمین تعلیمی بورڈ کے نام درخواست لکھیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے: 02,08

اللہ تعالیٰ نے انسان کو طرح طرح کی نعمتیں عطا کی ہیں۔ عزت، آبرو، دولت اور سخن سازی مگر صحت و تندرستی ان سب سے اہم ہے۔ بادشاہی تو فی الحقیقت وہی ہے جو صحت مند اور باوقار و باکردار ہو یہ انسان پر اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا کرم ہے۔ انسان امیر ہو یا غریب، قیدی ہو یا آزاد، صحت اور آبرو ہی سے زندگی ہے۔ دنیا بھر کی خوبیاں صحت اور عزت میں پوشیدہ ہیں اگر انسان تندرست ہو تو سیر سپاٹے اور گھومنے پھرنے کا بھی لطف آتا ہے اور اگر جسم کی یہ مشین خراب ہو جائے تو امارت بھی اور عیش و عشرت بھی بیکار اور بے مزہ ہے۔ نظیر اکبر آبادی نے کیسی سچی بات کہی ہے کہ انسان کی حیثیت اور مقام و مرتبہ جو بھی ہو، تندرستی اور صحت ہی اصل چیز ہے۔

1101-XI124-68000

Please visit for more Data at: www.pakcity.org

pakcity.org

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

# اُردو (لازمی) (معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ    کل نمبر: 20

**Objective**
**Paper Code**
**6024**

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ______ کھاؤ جتنی بھوک ہے۔ | اتنی | اتنا | اتنے | جتنے |
| 2 | اس کی آنکھ میں حیا ______ ۔ | نہ رہی | نہ رہا | نہ رہے | نہ رہیں |
| 3 | اس کتاب ______ دام ہیں۔ | کو | کی | کے | کیا |
| 4 | گھر عورت کی سلطنت ______ ہے۔ | ہوتی | ہوتا | ہوتے | ہوئے |
| 5 | لندن سے تار ______ ہے۔ | آیا | آئی | آؤ | آئیں |
| 6 | قافیہ کی بنیادی شرط ہے: | ہم آواز | ہم مرتبہ | ہم خیال | ہم ردیف |
| 7 | جس غزل میں ردیف ہو اسے کہتے ہیں: | مسلسل غزل | قطعہ بند غزل | مردف غزل | غیر مردف غزل |
| 8 | مقطع کی پہچان ہے: | پہلا شعر | دوسرا شعر | تیسرا شعر | تخلص اور آخری شعر |
| 9 | مطلع کے لغوی معنی ہیں: | غروب ہونے کی جگہ | طلوع ہونے کی جگہ | چلے جانا | رحلت فرمانا |
| 10 | "حُسنِ یوسف" ہے: | تلمیح | کنایہ | مقطع | مطلع |
| 11 | استعارہ میں لفظ استعمال ہوتا ہے: | مجازی معنوں میں | حقیقی معنوں میں | لغوی معنوں میں | اصطلاحی معنوں میں |
| 12 | استعارہ کا حصہ ہے: | حروفِ تشبیہ | وجہ جامع | مشبہ | مشبہ بہ |
| 13 | تشبیہ کے لئے لازم ہے: | مشترک آواز | مشترک الفاظ | مشترک بناوٹ | مشترک صفت |
| 14 | حرفِ تشبیہ استعمال ہوتا ہے: | تشبیہ میں | استعارہ میں | کنایہ میں | تلمیح میں |
| 15 | مشبہ اور مشبہ بہ کہلاتے ہیں: | غرضِ تشبیہ | طرفینِ تشبیہ | وجہ شبہ | حرفِ تشبیہ |
| 16 | "شکوہ" ، "جوابِ شکوہ" نظمیں ہیں: | اکبر الٰہ آبادی کی | نظیر اکبر آبادی کی | علامہ اقبال کی | جوش ملیح آبادی کی |
| 17 | سبق "چراغ کی لو" میں منشی کی تنخواہ ہے: | دس روپے | ایک ہزار روپے | دس ہزار روپے | ایک لاکھ روپے |
| 18 | سبق "سفارش" کا تعلق نثر کی صنف سے ہے: | داستان | ناول | افسانہ | ڈراما |
| 19 | نوجوان کے اوورکوٹ کا رنگ تھا: | خاکی | بادامی | سفید | سیاہ |
| 20 | تصریف منقسم ہے: | تین بڑے حصوں میں | چار بڑے حصوں میں | پانچ بڑے حصوں میں | چھ بڑے حصوں میں |

www.pakcity.org

1102-XI124-60000

Please visit for more Data at: www.pakcity.org

رول نمبر:....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

pakcity.org

اُردو (لازمی) (انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

## (حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے:

01,01,08

تُو مقصدِ تخلیق ہے، تُو حاصلِ ایماں — جو تجھ سے گریزاں، وہ خدا سے ہے گریزاں

کردار کا یہ حال، صداقت ہی صداقت — اخلاق کا یہ رنگ کہ قرآں ہی قرآں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے:

01,09

یہ آرزو تھی، تجھے گُل کے رُوبہ رُو کرتے — ہم اور بلبلِ بے تاب، گفتگو کرتے

پیام بر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا — زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے

مری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ — کسی حبیب کی، یہ بھی ہیں جستجو کرتے

## (حصہ دوئم)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجیے مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے:

01,01,03,10

(الف) ایک نہایت عاجز و مسکین غریب آدمی جو اپنے ساتھیوں کو محنت اور پرہیز گاری اور بے لگاؤ ایمانداری کی نظیر دکھاتا ہے، اس شخص کا اس کے زمانہ میں اور آئندہ زمانے میں اس کے ملک، اس کی قوم کی بھلائی پر بہت بڑا اثر پیدا ہوتا ہے کیونکہ اس کی زندگی کا طریقہ اور چال چلن گو معلوم نہیں ہوتا مگر اور شخصوں کی زندگی میں خفیہ خفیہ پھیل جاتا ہے اور آئندہ کی نسل کے لئے ایک عمدہ نظیر بن جاتا ہے۔

(ب) رشک آتا ہے کہ دنیا میں ایسے بھی لوگ ہیں کہ کبھی قیدِ مقام سے نہیں گزرتے۔ گوجرانوالہ تک گئے بھی تو دوسرے روز گھر لوٹ آئے۔ ہم سے پوچھیے جو مزا اور تھرل ململ کا کرتا پہن، قوام والا پان کلّے میں دبا، ٹانگ پر ٹانگ دھرے گھر میں "داستانِ امیر حمزہ" پڑھنے اور لمبی تان کر سونے میں ہے وہ جگہ جگہ مارے مارے پھرنے میں کہاں، قیام کی راحتیں اور برکتیں کہاں تک بیان کی جائیں۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) ابوالقاسم زہراوی (ii) دوستی کا پھل

01,09

5۔ نظیر اکبر آبادی کی نظم "تسلیم و رضا" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

05

6۔ دو دوستوں کے درمیان فنی تعلیم کی اہمیت و افادیت پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ ۔۔یا۔۔ کالج میں یوم آزادی کی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔

10

7۔ پرنسپل کے نام کسی تاریخی مقام پر جانے کی اجازت کے لئے درخواست لکھیے۔

10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے:

02,08

بچہ جب پہلے پہل سکول جاتا ہے تو گھر اور سکول کے ماحول میں فرق کو بہت شدت سے محسوس کرتا ہے۔ جو ضروریات گھر میں آسانی سے ہر وقت پوری ہو جاتی تھیں، سکول میں ان کے لئے خاطر خواہ انتظام نہیں ہوتا۔ گھر کے مانوس افراد کی نسبت یہاں اس کا واسطہ اساتذہ اور ساتھی طلبہ کی شکل میں اجنبی لوگوں سے پڑتا ہے۔ یہاں بچے کو اپنی صلاحیتوں اور دلچسپیوں کا شعور اور اندازہ نہیں ہوتا۔ ان حالات میں اگر سکول میں اس کو اساتذہ کی طرف سے رہنمائی میسر آجائے تو اس کی بہت سی مشکلات اور مسائل حل ہو جاتے ہیں۔ بصورتِ دیگر تعلیمی کامیابی کے امکان کم اور محدود ہو جاتے ہیں۔

1102-XI124-60000

Please visit for more Data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

pakcity.org

رول نمبر: ________

# Faisalabad Board-2023

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

اُردو (معروضی) گروپ پہلا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

Objective
Paper Code
6027

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | آ رہی ہے چاہِ یوسف سے صدا<br>اس مصرع میں موجود ہے: | تشبیہ | استعارہ | تلمیح | مقطع |
| 2 | تشبیہ میں انہیں "طرفین تشبیہ" کہا جاتا ہے: | مشبہ اور مشبہ بہ | مشبہ اور حرف تشبیہ | وجہ شبہ اور غرض تشبیہ | مشبہ اور وجہ شبہ |
| 3 | استعارہ میں لفظ استعمال ہوتا ہے: | ذومعنوی | مشکل معنوں میں | حقیقی معنوں میں | مجازی معنوں میں |
| 4 | گر مال دیا یار نے تو مال میں خوش ہیں<br>مصرع میں استعارہ ہے: | مال | خوش | یار | دیا |
| 5 | سہما ہوا تھا کوئی گنہگار کی طرح<br>مصرع میں وجہ تشبیہ ہے: | سہما ہوا ہونا | کوئی | گنہگار | کی طرح |
| 6 | بقول پطرس بخاری یوپی کے حملہ آور کیا کہلاتے ہیں؟ | اہل زبان | سالار | اہلِ سیف | غزنوی یا غوری |
| 7 | علامہ اقبال نے اس شخصیت کو "مخدومی" کہہ کر مخاطب کیا ہے: | اپنے والد کو | اکبر الٰہ آبادی کو | مولانا گرامی کو | میاں ریاض الدین کو |
| 8 | غالب کے دونوں نصابی خطوط میں اس شخصیت کا ذکر مشترک ہے: | میر قاسم علی | میر سرفراز حسین | ہر گوپال تفتہ | نواب مصطفیٰ خان |
| 9 | ابوالقاسم زہراوی کا سن پیدائش ہے: | 935ء | 936ء | 937ء | 938ء |
| 10 | سرسیّد کے ایک دوست لکھا کرتے تھے: | غزلیات | سرسیّد کی کتب | سرسیّد کے خانگی اخراجات | کہانیاں |
| 11 | سطحِ نظر وسیع ہو ______ ۔ | گئی | گئیں | گئے | گیا |
| 12 | گیند ہاتھ سے ______ ۔ | گرا | گری | گرے | گر گیا |
| 13 | سچ کہنے میں کسی ______ طعن سے نہ ڈریں۔ | کی | کے | سے | اوپر |
| 14 | پٹی کھلی تو درد ______ ۔ | بڑھ گئی | بڑھ گئے | بڑھنے لگی | بڑھ گیا |
| 15 | خالد نے تھوڑے رزق پر اکتفا نہ ______ ۔ | کی | کیا | کیے | کیں |
| 16 | خیال اور ملال شعری اصطلاح میں کیا کہلائیں گے؟ | ہم معنی | ہم ردیف | ہم قافیہ | ہم عصر |
| 17 | میراں نیم باز آنکھوں میں ساری مستی شراب کی سی ہے<br>یہ شعر ہے: | مطلع | مقطع | پہلا | استعاراتی |
| 18 | لفظ مطلع کے لغوی معنی ہیں: | اولین | آخری | طلوع ہونے کی جگہ | کاٹنے کی جگہ |
| 19 | مکاں بھی ڈسنے لگا ہے اگر مکین کے ساتھ<br>تو آستاں بھی بدل اپنی آستین کے ساتھ<br>اس شعر میں ردیف ہے: | مکین، آستین | کے ساتھ | ساتھ | آستاں، آستیں |
| 20 | غزل کا وہ آخری شعر مقطع کہلاتا ہے جس میں: | قافیہ ہو | ردیف ہو | تشبیہ ہو | تخلص ہو |

1101-XI123-68000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

# Faisalabad Board-2023

رول نمبر:.....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

## اُردو (انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

pakcity.org

## ( حصہ اوّل )

01,01,08

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے:

اے ساقی گل فام ! بُرا ہو ترا تُو نے باتوں میں لبھا کر ہمیں وہ جام پلایا
یہ حال ہے سو سال غلامی میں بسر کی اور ہوش ہمیں اب بھی مکمل نہیں آیا

01,09

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے:

جس سر کو غرور آج ہے ، یاں تاج وری کا کل ، اس پہ یہیں شور ہے ، پھر نوحہ گری کا
آفاق کی منزل سے گیا ، کون سلامت اسباب لٹا راہ میں ، یاں ہر سفری کا
ہر زخم جگر داورِ محشر سے ہمارا انصاف طلب ہے ، تری بیدادگری کا

## ( حصہ دوئم )

01,01,03,10

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے:

(الف) غرض تم جو کوئی بھی ہو اور کسی حال میں بھی ہو تمہاری زندگی کے لئے نمونہ، تمہاری سیرت کی درستی و اصلاح کے لئے سامان، تمہارے ظلمت خانہ کے لئے ہدایت کا چراغ اور رہنمائی کا نور حضرت محمد خاتم النبیین ﷺ کی جامعیت کبریٰ کے خزانے میں ہر وقت اور ہمہ دم مل سکتا ہے۔ اس لئے طبقۂ انسانی کے ہر طالب علم اور نور ایمانی کے ہر متلاشی کے لئے صرف رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی سیرت، ہدایت کا نمونہ اور نجات کا ذریعہ ہے۔

(ب) کل سے یہ حکم نکلا کہ یہ لوگ شہر سے باہر مکان و کان کیوں بناتے ہیں؟ جو مکان بن چکے ہیں انہیں ڈھادو اور آئندہ کی ممانعت کا حکم سنا دو اور یہ بھی مشہور ہے کہ پانچ ہزار ٹکٹ چھاپے گئے ہیں جو مسلمان شہر میں اقامت چاہے، بقدر مقدور نذرانہ دے۔ اس کا اندازہ قرار دینا حاکم کی رائے پر ہے۔ روپیا دے اور ٹکٹ لے۔ گھر برباد ہو جائے، آپ شہر میں آباد ہو جائے۔

01,09

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) ابوالقاسم زہراوی (ii) لاہور کا جغرافیہ

05

5۔ میر انیس کی نظم "میدان کربلا میں صبح کا منظر" کا خلاصہ لکھیے۔

10

6۔ استاد اور شاگرد کے درمیان بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ ۔ یا ۔ کالج میں پہلے دن کی روداد تحریر کیجیے۔

10

7۔ پرانی موٹر سائیکل فروخت کرنے کی رسید تحریر کیجیے۔

02,08

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے:

اچھی عادتیں اچھی صحت کی ذمہ دار ہوتی ہیں۔ بری عادات، برے جذبات اور خیالات، برے اعمال پیدا کرتے ہیں اور برے اعمال صحت کو خراب اور برباد کرتے ہیں۔ خواہشات میں اعتدال، خیالات اور عادات میں پاکیزگی سے صحت قائم رہتی ہے۔ بری صحبت اور برے کاموں سے بچنا چاہیے۔ خوشی، مسرت اور قناعت تندرستی کی علامت ہے۔ غم وغصہ، بغض، کینہ اور حسد صحت کے دشمن ہیں۔ جہاں تک ہو سکے ان سے چھٹکارا حاصل کرنا چاہیے اور اپنے خیالات اور احساسات کو نیک اور شگفتہ رکھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ انسان کو خود بھی خوش رہنا چاہیے اور دوسروں کو بھی خوش رکھنے کی کوشش کرنی چاہیے کیونکہ اسی میں صحت اور تندرستی کا راز مضمر ہے۔

1101-XI123-68000

www.pakcity.org www.pakcity.org

رول نمبر: ____________

Faisalabad Board-2023

☆

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

اُردو (معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

Objective
Paper Code
6022

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | نوجوان کی جیب سے برآمد ہوئے: | دس روپے | ساڑھے چھ آنے | پانچ آنے | آٹھ آنے |
| 2 | تاجر نے مالک کے ہاتھ پر رکھ دیئے: | بیس روپے | دس روپے | پچیس روپے | ایک سو |
| 3 | علامہ اقبال کو درد تھا: | پاؤں کا | دل کا | پیٹ کا | سر کا |
| 4 | فضل الباری تھے: | وزیر اعظم | وزیر قانون | ڈائریکٹر | وزیر صحت |
| 5 | کفایت شعار لوگ پالتے ہیں: | ہاتھی | گھوڑے | مرغ | اونٹ |
| 6 | تین ارکان ہوتے ہیں: | تشبیہ کے | استعارہ کے | تلمیح کے | ردیف کے |
| 7 | مستعارلہٗ اور مستعارمنہٗ کہلاتے ہیں: | طرفین استعارہ | طرفین تشبیہ | وجہ جامع | غرض استعارہ |
| 8 | استعارہ ____ زبان کا لفظ ہے۔ | اُردو | فارسی | ہندی | عربی |
| 9 | خیبر شکن ہے: | استعارہ | تلمیح | تلمیح | حرف تشبیہ |
| 10 | رات بھر چاند کے ہمراہ پھرا کرتے تھے، میں چاند ہے: | مستعارمنہٗ | مستعارلہٗ | وجہ جامع | مشبہ |
| 11 | ایسے الفاظ جو قافیہ کے بعد بار بار آتے ہیں: | قافیہ | ردیف | مطلع | مقطع |
| 12 | اصطلاح میں مطلع کہتے ہیں: | پہلے مصرع کو | آخری شعر کو | الفاظ کو | غزل کے پہلے شعر کو |
| 13 | قافیہ کی بنیادی شرط ہے: | ہم شکل | ہم آواز الفاظ | ہم ردیف | ہم مرتبہ |
| 14 | شاعر آخری شعر میں تخلص استعمال کرے تو وہ: | قافیہ ہوگا | مطلع ہوگا | ردیف ہوگا | مقطع ہوگا |
| 15 | غزل کے لئے ضروری ہے: | قافیہ | ردیف | مقطع | خطاب |
| 16 | ذرا سی دیر میں جھاگ ____ ۔ | بیٹھ گئیں | بیٹھ گئی | بیٹھ گیا | بیٹھیں |
| 17 | میں نے آج اخبار نہیں ____ ۔ | پڑھی | پڑھا | پڑھے | پڑھو |
| 18 | "بانگ درا" اقبال ____ تصنیف ہے۔ | کی | کا | کیں | کو |
| 19 | اس نے قلم توڑ ____ ۔ | ڈالی | دی | دیں | دیا |
| 20 | راوی لاہور میں ____ ہے۔ | بہتی | بہتے | بہتا | بہتیں |

1102-XI123-65000

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org
pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Faisalabad Board-2023

رول نمبر:....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

pakcity.org

## اُردو (انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

### (حصہ اوّل)

01,01,08 2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے:

اُٹھنا وہ جھوم جھوم کے شاخوں کا ، بار بار بالائے نخل ایک جو بلبل ، تو گُل ہزار
خواہاں تھے زیبِ گلشنِ زہراؓ جو آب کے شبنم نے بھر دیے تھے کٹورے گلاب کے

01,09 (ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے:

ذکرِ اغیار سے ہُوا معلوم حرفِ ناصح بُرا نہیں ہوتا
تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے ورنہ دُنیا میں کیا نہیں ہوتا
تم مرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

### (حصہ دوئم)

01,01,03,10 3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے:

(الف) زھراوی کا طرزِ بیان عام فہم اور زبان سادہ ہے۔ وہ جس موضوع پر قلم اُٹھاتا ہے اس کے تمام رموز اس خوبی سے بیان کرتا ہے کہ قاری کے لئے کسی قسم کا اُلجھاؤ باقی نہیں رہتا۔ پھر بعض دیگر طبی مصنفوں کی طرح وہ فلسفیانہ موشگافیوں میں نہیں اُلجھا بلکہ اپنے فن کے عملی پہلوؤں کو سامنے رکھتا ہے اور صرف انھی امور کی توضیح کرنا ضروری خیال کرتا ہے جو عملی افادیت کے حامل ہوں۔

(ب) بلاشبہ اس وقت تک وہ دم توڑ چکا تھا۔ اس کا جسم سنگِ مرمر کی میز پر بے جان پڑا تھا۔ اس کا چہرہ جو پہلے چھت کی سمت تھا کپڑے اتارنے میں دیوار کی طرف مُڑ گیا۔ معلوم ہوتا تھا کہ جسم اور اس کے ساتھ روح کی اس برہنگی نے اسے خجل کر دیا ہے اور وہ اپنے ہم جنسوں سے آنکھیں چرا رہا ہے۔

01,09 4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) اُسوۂ حسنہ ﷺ (ii) چراغ کی لَو

05 5۔ حفیظ جالندھری کی نظم "ہلالِ استقلال" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

10 6۔ دو لڑکیوں کے درمیان فیشن پرستی کے موضوع پر ہونے والی گفتگو کو مکالماتی انداز میں لکھئے۔ ۔۔ یا ۔

14 اگست کو کالج میں پرچم کشائی کی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔

10 7۔ کرایہ مکان کی رسید تحریر کیجیے۔

02,08 8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے:

اعتدال، توازن اور برداشت حکمِ شرع بھی ہے اور فرضِ اخلاق بھی۔ آدمی، مقامِ آدمیت پر اعتدال ہی کی بنا پر فائز ہے کیوں کہ جہاں اسے رحم و کرم کا اختیار ہے وہیں غیظ و غضب بھی اسی کا خاصا ہے۔ یہ کھل کر ہنس سکتا ہے تو گڑگڑا کر رو بھی سکتا ہے۔ زندگی کا سارا حسن اسی ہنسنے اور رونے کے توازن اور رحم و غضب کے اعتدال پر منحصر ہے۔ فرد کی شائستگی، دوستی کے دلفریب جذبے سے لطف اندوز ہونے اور عداوت و مخاصمت کے کڑوے گھونٹ صبر و تحمل سے پینے میں نہاں ہے۔ آزادی و فراخی سے جینا بھی ہے اور دوسروں کو ان کی زندگی کا حق بھی سنجیدگی کے ساتھ دینا ہے۔ افراد اور قومیں جہاں جہاں توازن و اعتدال کے راستے سے ہٹتی ہیں وہاں وہاں انسانیت سربلندی سے گر کر بدصورت و بدنما ہو جاتی ہے۔

1102-XI123-65000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Faisalabad Board-2022

رول نمبر: ________

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

اُردو (معروضی) گروپ پہلا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

Objective
Paper Code
6027

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | طرفین تشبیہ میں شامل ہے: | وجہ تشبیہ | مشبہ بہ | حرف تشبیہ | غرض تشبیہ |
| 2 | "میں ہوں سقراط، مجھے زہر پلایا جائے"۔ اس میں استعمال ہوئی ہے: | تلمیح | تشبیہ | تضاد | ان میں کوئی نہیں |
| 3 | تشبیہ کے لیے لازم ہے: | مشترک آواز | مشترک لفظ | مشترک بناوٹ | مشترک صفت |
| 4 | جس چیز کے لیے صنعت ادھار لی جائے، اسے کہتے ہیں: | وجہ جامع | حرف تشبیہ | مستعار لہٗ | مستعار منہٗ |
| 5 | ارکان استعارہ کی تعداد ہے: | دو | چار | تین | ایک |
| 6 | آج بھی لوگ دوستی اور امن کے پیغام کے لیے استعمال کرتے ہیں: | کبوتر | فاختہ | چڑیا | طوطا |
| 7 | کمیٹی نے دھوئیں اور گرد مہیا کرنے کے لیے مرکز کھول دیے ہیں: | جگہ جگہ | ہر جگہ | جابجا | محلے میں |
| 8 | لاری نوجوان کو روندتی ہوئی نکل گئی: | میکلوڈ روڈ | ڈیوس روڈ | مال روڈ | لارنس گارڈن |
| 9 | عبدالرحمٰن الناصر کے عہد میں قرطبہ پہنچا ہوا تھا: | بلندیوں پر | کمال پر | عروج پر | اوج پر |
| 10 | ہماری قوم نے چھوڑی ہوئی جائیداد کو بھی گرا دیا: | آباؤ اجداد کی | بڑھوں کی | بزرگوں کی | امراء کی |
| 11 | تم نے کمرے میں جھاڑو کیوں نہیں ____۔ | دیا | دیئے | دیں | دی |
| 12 | یہ لڑکی آفت ____ پرکالا ہے۔ | کی | کے | کو | کا |
| 13 | علاج سے مرض بگڑ ____۔ | گئیں | گئی | گیا | گئے |
| 14 | پیاز کس بھاؤ بک ____ ہے؟ | رہا | رہے | رہی | رہیں |
| 15 | اس نے اونٹ ____ نکیل پکڑی۔ | کا | کی | کو | کیں |
| 16 | مقطع کے لیے لازمی شرط ہے: | آخری شعر | تخلص آخری شعر | پہلا شعر، ردیف | قافیہ، ردیف |
| 17 | اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا رنج راحت فزا نہیں ہوتا<br>اس شعر میں ردیف ہے: | ذرا، فزا | اثر، رنج | ذرا، راحت | نہیں ہوتا |
| 18 | قافیہ کے لغوی معنی ہیں: | پیچھے آنے والا | اشارہ کرنا | کٹ جانا | آغاز کرنا |
| 19 | ردیف کے الفاظ کی تعداد ہوتی ہے: | ایک | دو | تین | تعداد مقرر نہیں |
| 20 | ہم آواز الفاظ کہلاتے ہیں: | کلمہ | قافیہ | ردیف | تلمیح |



Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org
pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Faisalabad Board-2022

رول نمبر:.................

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

## اُردو (انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

### ( حصہ اوّل )

pakcity.org

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,08

آہ! کس کی جستجو آوارہ رکھتی ہے تجھے راہ تُو ، رہرو بھی تُو ، رہبر بھی تُو ، منزل بھی تُو

کانپتا ہے دل ترا ، اندیشۂ طوفاں سے کیا ناخدا تُو ، بحر تُو ، کشتی بھی تُو ، ساحل بھی تُو

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 01,09

دل لے کے مفت کہتے ہیں کچھ کام کا نہیں الٹی شکایتیں ہوئیں ، احسان تو گیا

ڈرتا ہوں دیکھ کر ، دل بے آرزو کو میں سنسان گھر یہ کیوں نہ ہو ، مہمان تو گیا

افشائے رازِ عشق میں گو ذلتیں ہوئیں لیکن اسے جتا تو دیا جان تو گیا

### (حصہ دوئم)

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) ظرافت اور خوش طبعی ان کی جبلت میں داخل تھی مگر جس طرح ان کی اور باتوں میں بناوٹ نہ تھی اسی طرح ظرافت اور خوش طبعی میں مطلق تصنع نہ تھا۔ تحریر میں، تقریر میں، بات چیت میں جو لطیفہ یا شوخی ان کو سوجھ جاتی تھی اگرچہ کیسی ہی شرم وحجاب کی بات ہو، ان سے ضبط نہ ہوسکتی تھی، مگر ہر ایک امر کے بیان کرنے کا خدا نے ایسا سلیقہ دیا تھا کہ کوئی بات تہذیب کی حد سے متجاوز نہ ہونے پاتی تھی۔

(ب) کپڑے تو میں نے بدل رکھے تھے البتہ میں اپنے تیور بدلنے کی کوشش کرنے لگا۔ پھر اچانک خیال آیا کہ کتنا چھوٹا آدمی ہوں دو پیسے یا دو روپے یا چلو دو لاکھ کی بھی بات نہیں۔ دو آنکھوں کی بات ہے اور میں جھوٹ بولے جا رہا ہوں۔ مجھے فیکے کے سامنے اعتراف کر لینا چاہیے کہ میں تمہارے لیے کچھ نہیں کرسکا۔ پھر میں نے وہ فقرے سوچے جو مجھے فیکے کے سامنے اس انداز سے ادا کرنے تھے کہ اسے سچی بات بھی معلوم ہو جائے اور اسے دکھ بھی نہ ہو۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) ادیب کی عزت (ii) چراغ کی لَو 01,09

5۔ مولانا ظفر علی خان کی نظم "مستقبل کی جھلک" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ دو دوستوں کے درمیان کرونا وبا اور اس کی احتیاطوں کے حوالے سے مکالمہ تحریر کیجیے۔ ۔ یا ۔ کالج میں منعقدہ محفل مشاعرہ کی روداد تحریر کیجیے۔ 10

7۔ سیکرٹری بورڈ کے نام حصول سند کی درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے: 02,08

ہر بچے کی آنکھوں کے سامنے جو نمونہ مستقل طور پر رہتا ہے وہ اس کی ماں ہے۔ سو معلموں کے برابر ایک اچھی ماں ہوتی ہے۔ گھر عورت کی سلطنت ہوتا ہے۔ اس میں سارے احکام اسی کے چلتے ہیں۔ وہ اپنے بچوں کی ننھی منی رعیت پر حکم نافذ کرتی ہے۔ ہر چیز کے لیے بچے اپنی آنکھوں کو اسی کی طرف لگائے رکھتے ہیں۔ ہر وقت ان کے روبرو وہی مثال اور نمونہ ہے۔ جس کی پیروی کرتے ہیں اور نقل اتارتے ہیں۔ اسی واسطے بچوں کے چال چلن اور طور طریقے پر ماں کا اثر بہ نسبت باپ کے زیادہ ہوتا ہے۔ گھروں میں ماں کا نیک مثال ہونا ایک بڑی نعمت ہے۔

1-XI122-78000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

رول نمبر: ________

# Faisalabad Board-2022

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

اُردو (معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

Objective
Paper Code
6024

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| D | C | B | A | سوالات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| کو | کے | کا | کی | اکثر ____ املا درست نہیں۔ | 1 |
| اچھالیں | اچھالے | اچھالی | اچھالا | اس نے مجھ پر کیچڑ ____ ۔ | 2 |
| چھپا ہے | چھپے | چھپی | چھپا | "کلیاتِ اقبال" ایک ہزار کی تعداد میں ____ ۔ | 3 |
| کو | کے | کی | کا | یہ مجھ ____ فوٹو ہے۔ | 4 |
| اُگیں | اُگے | اُگی | اُگا | کھیت میں گھاس ____ ہے۔ | 5 |
| مقطع | مطلع | ردیف | قافیہ | غزل میں آنے والے ہم آواز الفاظ ____ کہلاتے ہیں۔ | 6 |
| کاٹنے کی جگہ | کھیلنے کی جگہ | اٹھنے کی جگہ | نکلنے کی جگہ | مقطع کا لغوی مطلب ہے: | 7 |
| ردیف | قافیہ | مقطع | مطلع | غیر مردف غزل وہ ہوتی ہے جس میں ____ نہ ہو۔ | 8 |
| ردیف سے پہلے | ردیف کے بعد | مقطع میں | مطلع میں | غزل میں قافیہ آتا ہے: | 9 |
| کچھ نہیں | مطلع | حسن مطلع | شعر | غزل میں دو مطلع ہونے کی صورت میں دوسرا مطلع کیا کہلائے گا؟ | 10 |
| ردیف | استعارہ | تشبیہ | تلمیح | "آبِ حیات" ہے: | 11 |
| کنایہ | استعارہ | تلمیح | تشبیہ | "پلکوں پہ مچل رہے ہیں انجم" مصرع میں کیا خوبی موجود ہے؟ | 12 |
| کوہِ ہمالیہ | کوہِ قراقرم | کوہِ طور | کوہِ سلیمان | تلمیح کی نشاندہی کیجیے: | 13 |
| وجہ عناد | وجہ جامع | وجہ دوستی | وجہ شبہ | وہ مشترک صفت جو مستعار لہٗ اور مستعار منہٗ میں پائی جاتی ہے، کیا کہلاتی ہے؟ | 14 |
| وجہ شبہ | حرف تشبیہ | مشبہ بہ | مشبہ | جوں، جیسا، مانند ____ کہلاتے ہیں۔ | 15 |
| پانچ سو | سو | پچاس | دس | فرض کیجیے کہ آپ ____ مرغیوں سے مرغبانی کی ابتدا کرتے ہیں۔ | 16 |
| ستلج | چناب | راوی | سندھ | پطرس بخاری نے نصف دریا کسے کہا ہے؟ | 17 |
| بادامی | سرخ | کالا | نیلا | نوجوان کس رنگ کا اوور کوٹ پہنے ہوئے تھا؟ | 18 |
| بھیک | رشوت | کارڈ | پیسے | حضرت قمر کو کیا مانگنے پر غصہ آیا؟ | 19 |
| فن لینڈ | انگلینڈ | آئرلینڈ | گرین لینڈ | ولیم ڈراگن کس ملک کا باشندہ تھا؟ | 20 |

2-XI122-68000

Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org
pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Faisalabad Board-2022

رول نمبر:..................

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

اُردو (انشائی) گروپ دوسرا

pakcity.org

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

## (حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,08

ڈھائی جائے گی بِنا ، یورپ کے استعمار کی ایشیا آپ اپنے حق کا پاسباں ہو جائے گا

نغمہ آزادی کا گونجے گا حرم اور دَیر میں وہ جو دارالحرب ہے ، دارالاماں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 01,09

تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا

تم مرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

حالِ دل یار کو لکھوں کیوں کر ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

## (حصہ دوئم)

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) میرٹھ سے آکر دیکھا کہ یہاں بڑی شدت ہے اور یہ حالت ہے کہ گوروں کی پاسبانی پر قناعت نہیں ہے۔ لاہوری دروازے کا تھانے دار مونڈھا بچھا کر سڑک پر بیٹھتا ہے جو باہر سے گورے کی آنکھ بچا کر آتا ہے، اس کو پکڑ کر حوالات میں بھیج دیتا ہے۔ حاکم کے ہاں سے پانچ پانچ بید لگتے ہیں یا دو روپے جرمانہ لیا جاتا ہے۔ آٹھ دن قید رہتا ہے۔ اس سے علاوہ سب تھانوں پر حکم ہے کہ دریافت کرو، کون بے ٹکٹ مقیم ہے اور کون ٹکٹ رکھتا ہے۔ تھانوں میں نقشے مرتب ہونے لگے۔

(ب) نظام سقے کے مسودات سے اس قدر ضرور ثابت ہوا ہے کہ پانی پہنچانے کے لیے نل ضروری ہیں۔ چنانچہ کمیٹی نے کروڑوں روپے خرچ کر کے جابجا نل لگوا دیے ہیں۔ فی الحال ان میں ہائیڈروجن اور آکسیجن بھری ہے لیکن ماہرین کی رائے ہے کہ ایک نہ ایک دن یہ گیسیں ضرور مل کر پانی بن جائیں گی۔ چنانچہ بعض نلوں میں اب بھی چند قطرے روزانہ ٹپکتے ہیں۔ اہلِ شہر کو ہدایت کی گئی ہے کہ اپنے اپنے گھڑے نلوں کے نیچے رکھ چھوڑیں تاکہ عین وقت پر تاخیر کی وجہ سے کسی کی دل شکنی نہ ہو۔ شہر کے لوگ اس پر بہت خوشیاں منا رہے ہیں۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) اپنی مدد آپ (ii) چراغ کی لَو 01,09

5۔ حفیظ جالندھری کی نظم "ہلالِ استقلال" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ فیشن پرستی ایک سماجی مسئلہ بن چکا ہے۔ اس موضوع پر ماں اور بیٹی کے درمیان ہونے والی گفتگو کو مکالمے کی صورت میں تحریر کیجیے۔ ۔ یا ۔

کالج میں منعقدہ مشاعرے کی روداد لکھیے۔ 10

7۔ پرنسپل کے نام کسی تاریخی مقام پر جانے کی اجازت کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے: 02,08

کوئی گروہ یا جماعت، کوئی قوم یا ملک اس وقت تک دنیا میں آبرومندانہ زندگی بسر نہیں کر سکتا جب تک اس کے افراد کے مابین یکجہتی نہ ہو۔ کسی نصب العین کو انسان اس وقت تک حاصل نہیں کر سکتا، جب تک اس کے تمام اعضا متحد ہو کر اس کے کہنے کے مطابق عمل نہ کریں۔ اسی طرح قومی ترقی اور فلاح و بہبود اس وقت تک ایک خیالِ خام سے زیادہ وقعت نہیں رکھتے، جب تک اس قوم کے تمام افراد کے جسم میں ایک روح نہ دوڑ رہی ہو۔ اقبال نے اسی اجتماعی روح کے تصور کو اپنے ذہن میں رکھ کر متحد ہو کر زندگی بسر کرنے کو کہا ہے۔

2-XI122-68000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

pakcity.org

# Faisalabad Board-2019

رول نمبر: ____________

Objective
Paper Code
6023

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

اُردو (معروضی) گروپ پہلا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کیا مرے حال پہ سچ مچ اسے غم تھا قاصد ‌ تو نے دیکھا تھا ستارہ سرِ مژگاں کوئی<br>یہ شعر ہے: | تلمیح کا | استعارہ کا | تشبیہ کا | ردیف کا |
| 2 | ابن مریم ہوا کرے کوئی ‌ میرے دکھ کی دوا کرے کوئی<br>اس شعر میں صنعت ہے: | استعارہ | مشبہ | تشبیہ | تلمیح |
| 3 | ہائے یہ درد کی شب اور یہ پیہم آنسو ‌ گویا اک تاروں کی بارات چلی جاتی ہے<br>یہ شعر ہے: | تلمیح کا | تشبیہ کا | استعارہ کا | کوئی نہیں |
| 4 | "قاروں نے راستے میں لٹایا خزانہ کیا" اس مصرع میں ہے: | تشبیہ | استعارہ | تلمیح | مقطع |
| 5 | الفاظ کا حقیقی معنی کی بجائے مجازی معنی میں استعمال کہلاتا ہے: | تشبیہ | استعارہ | تلمیح | قافیہ |
| 6 | میاں ریاض نے مولانا گرامی کو کس انجمن میں شرکت کی دعوت دی؟ | انجمن خدام ملت | انجمن حمایت اسلام | انجمن مفید عام | انجمن پنجاب |
| 7 | غالب نے میرٹھ کا سفر کس ذریعے سے طے کیا؟ | کشتی سے | ڈاک سے | ٹرین سے | بس سے |
| 8 | ابوالقاسم زہراوی کے آباؤ اجداد کہاں کے رہنے والے تھے؟ | [illegible] | اردن | عراق | اندلس |
| 9 | ایک مسلمان کی کامیابی اور تکمیل روحانی کے لیے جو چیز ہے: | وہ سنت نبوی ہے | وہ اسوۂ اسلاف ہے | وہ اسوۂ صحابہ ہے | وہ اسوۂ انبیاء ہے |
| 10 | انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کا یہ خیال ہے کہ کوئی ملے: | لیڈر | [illegible] | استاد | حکمران |
| 11 | کراچی سے تار ______ ۔ | آئی | آیا | آئے | آئیں |
| 12 | احمد ___ بات سنو۔ | کا | کی | کے | کو |
| 13 | ڈاکٹر نے زخموں پر مرہم ______ ۔ | رکھا | رکھی | رکھیں | رکھو |
| 14 | اکبر کے سر میں درد ____ ہے۔ | ہو رہا | ہو رہی | ہو رہے | ہوتی رہتی |
| 15 | اس دور ____ عظیم شخصیت زہراوی ہے۔ | کا | کی | کے | کیں |
| 16 | دوسرا کون ہے، جہاں تو ہے ‌ کون جانے تجھے، کہاں تو ہے<br>اس شعر میں ردیف ہے: | دوسرا، کون | جہاں، کہاں | کہاں تو ہے | تو ہے |
| 17 | شعر میں قافیہ آتا ہے: | شروع میں | ردیف سے پہلے | ردیف کے بعد | پہلے لفظ کے بعد |
| 18 | نہیں کھیل اے داغ، یاروں سے کہہ دو ‌ کہ آتی ہے اُردو زباں، آتے آتے<br>یہ شعر ہے: | مطلع کا | مقطع کا | تلمیح کا | تشبیہ کا |
| 19 | گل کو ہوتا صبا! قرار اے کاش ‌ رہتی اک آدھ دن، بہار اے کاش<br>اس شعر میں قافیہ ہے: | گل | صبا | قرار، بہار | اے کاش |
| 20 | جس سر کو غرور آج ہے، یاں تاج وری کا ‌ کل اس پہ یہیں شور ہے، پھر نوحہ گری کا<br>یہ شعر ہے: | مطلع ہے | مقطع ہے | تلمیح ہے | تشبیہ ہے |

1-XI119-59000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Faisalabad Board-2019

رول نمبر:.....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

اُردو (انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

## ( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,08

جینے کا نہ اندوہ ، نہ مرنے کا ذرا غم یکساں ہے انہیں زندگی اور موت کا عالم
واقف نہ برس سے ، نہ مہینے سے وہ اک دم نہ شب کی مصیبت ، نہ کبھی روز کا ماتم

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 01,09

دل پہ رہا مدتوں ، غلبۂ یاس و ہراس قبضۂ حزم و حجاب ، دیکھیے کب تک رہے
تا بہ کجا ہوں دراز ، سلسلہ ہائے فریب ضبط کی لوگوں میں تاب ، دیکھیے کب تک رہے
پردۂ اصلاح میں ، کوششِ تخریب کا خلقِ خدا پہ عذاب دیکھیے کب تک رہے

## ( حصہ دوئم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) مگران میں زیادہ تر وہی لوگ ہوتے ہیں جن کو سیر کرنے سے کوئی نقصان نہیں ہوتا۔ اکثر تو سرکاری ملازم ہوتے ہیں جن کو ماہوار تنخواہ مل جاتی ہے یا ایسے لوگ ہوتے ہیں جن کی عوام میں عزت ہے، میں تو مل کا مزدور ہوں۔ تم نے کبھی مزدوروں کو بھی ہوا کھاتے دیکھا ہے جنہیں کھانے کی کمی نہیں اُن کو ہوا کی ضرورت ہے۔ جنہیں روٹیوں کے لالے ہیں وہ ہوا کیا کھائیں گے؟ پھر تندرستی اور لمبی عمر کی بھی ان ہی کو ضرورت ہے۔

(ب) میں تو اپنے آپ کو اس درد کی وجہ سے رفتنی سمجھتا تھا مگر محض اس خیال سے تسکین تھی کہ پاؤں کا درد ہے۔ حرکت محال ہے، رفتنی نہیں آمدنی ہوں۔ باقی خدا کے فضل و کرم سے خیریت ہے۔ امید ہے کہ آپ کا مزاج بخیر ہوگا۔ ممکن ہو تو لاہور ضرور آئیے اور لوگوں کو اپنا تازہ کلام بھی سنائیے۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) سفارش (ii) دوستی کا پھل 01,09

5۔ میر انیس کی نظم "میدانِ کربلا میں صبح کا منظر" کا خلاصہ لکھیے۔ 05

6۔ دو دوستوں کے درمیان ہم نصابی سرگرمیوں کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ ۔ یا ۔

اپنے کالج میں 14 اگست کی تقریبات کے حوالے سے تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔ 10

7۔ پرنسپل کے نام کریکٹر سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے: 02,08

ماحولیاتی آلودگی آج کے دور کا سب سے اہم مسئلہ ہے جو دن بدن خطرناک صورتحال اختیار کرتا جا رہا ہے۔ اس مسئلے کا شکار پاکستان سمیت پوری دنیا ہے لیکن ترقی یافتہ ممالک اس پر قابو پانے کے لیے دن رات کوشاں ہیں۔ اس کے برعکس پاکستان میں بہت سنجیدہ عملی اقدامات نہیں کیے جا رہے۔ گزشتہ چند برسوں کے دوران میں آلودگی کے ساتھ "سموگ" کا نام بھی آ گیا ہے۔ سموگ خاص طور پر ٹریفک کی شدت میں اضافہ، کارخانے چلانے والوں کی جانب سے قوانین پر عمل نہ کرنے، درختوں کے کاٹنے اور مزید نہ لگانے کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔ کسانوں کی جانب سے فصلوں کو جلانا اس میں مزید اضافے کا باعث بنا ہے۔

1-XI119-59000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

Please visit for more data at: www.pakcity.org

Faisalabad Board-2019

رول نمبر: ___________ ☆

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

اُردو (معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

Objective
Paper Code
6022

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مکہ کے تاجر اور ____ کے خزینہ دار کی تقلید کرو۔ | بصرہ | بحرین | حبشہ | مصر |
| 2 | سرسید احمد خاں کب پیدا ہوئے؟ | 1817ء | 1819ء | 1821ء | 1823ء |
| 3 | "خطباتِ احمدیہ" کتنی مدت میں لکھی گئی؟ | ایک برس | ڈیڑھ برس | دو برس | تین برس |
| 4 | حضرت قمر کون تھے: | تاجر | رئیس | سائنسدان | ادیب |
| 5 | نصف دریا کا نام کیا ہے؟ | راوی | سندھ | چناب | جہلم |
| 6 | ارکانِ تشبیہ کتنے ہیں؟ | تین | چار | پانچ | چھے |
| 7 | حرفِ تشبیہ ہے: | اگر | سے | کا | طرح |
| 8 | استعارہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟ | [illegible] | ادھار لینا | بیچنا | واپس کرنا |
| 9 | وجہ جامع ہے | استعارہ میں | قافیہ میں | تشبیہ میں | تلمیح میں |
| 10 | تلمیح کس زبان کا لفظ ہے؟ | فارسی | [illegible] | عربی | اردو |
| 11 | غزل کا آخری شعر کہلاتا ہے: | مقطع | مطلع | قافیہ | ردیف |
| 12 | ہر شعر کے آخر میں جو الفاظ جوں کے توں دہرائے جاتے ہیں: | مطلع | مقطع | قافیہ | ردیف |
| 13 | تخلص کے ساتھ آتا ہے: | قافیہ | ردیف | مطلع | مقطع |
| 14 | لفظ قافیہ کی جمع ہے: | قوف | وقوف | قوافی | فوق |
| 15 | طلوع ہونے کی جگہ کو کہتے ہیں: | قافیہ | ردیف | مقطع | مطلع |
| 16 | فروری ختم ____ مارچ آیا۔ | ہوا | ہوئی | ہوئے | ہوگی |
| 17 | اس نے تاش ____۔ | کھیل | کھیلے | کھیلو | کھیلی |
| 18 | میز خالی ____ ہے۔ | پڑے | پڑی | پڑا | پڑیں |
| 19 | وزیر نے حلف اٹھا ____۔ | لی | لیا | لیے | [illegible] |
| 20 | اختر نے اونٹ کو کھیل ____۔ | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |

2-XI119-51000

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Faisalabad Board-2019

رول نمبر:.................

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

## اُردو (انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

### ( حصہ اوّل )

pakcity.org

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے:

01,01,08

اشکوں سے ترے ، دین کی کھیتی ہوئی سیراب فاقوں نے ترے ، دہر کو بخشا سروساماں

انسان کو شائستہ و خوددار بنایا تہذیب و تمدن ، ترے شرمندۂ احساں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے:

01,09

کچھ غلط بھی تو نہیں تھا ، مرا تنہا ہونا آتش و آب کا ممکن نہیں ، یک جا ہونا

ایک نعمت بھی یہی ، ایک قیامت بھی یہی روح کا جاگنا اور آنکھ کا ، بینا ہونا

جو برائی تھی مرے نام سے منسوب ہوئی دوستو! کتنا برا تھا مرا اچھا ہونا

### ( حصہ دوئم )

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے:

01.01.03,10

(الف) راست بازی اور وہ تمام اوصاف جو ایک راست باز آدمی میں ہونے ضروری ہیں، جیسے صدق موّدت، حمیت، دلیری اور آزادی وغیرہ اس شخص کی خصوصیات میں سے تھے۔ اس شخص نے اگر سچ پوچھیے تو اپنی آزادانہ تحریروں سے اُردو لٹریچر میں آزادی اور سچائی کی بنیاد ڈال دی۔ اس نے لوگوں کو مجبور کیا کہ سچ بات کہنے میں کسی کی طعن وملامت سے نہ ڈریں۔ جو بات اس کو حق معلوم ہوئی، اس کے کہنے میں کبھی اس بات کا خیال نہیں کیا کہ دنیا میں کوئی دوسرا شخص بھی اس بات میں اس کے ساتھ اتفاق کرنے والا ہے یا نہیں۔

(ب) اب اس کو میری سادہ لوحی کہیے یا خلوص نیت کہ شروع شروع میں میرا خیال تھا کہ انسان محبت کا بھوکا ہے اور جانور اس واسطے پالتا ہے کہ اپنے مالک کو پہچانے اور اس کا حکم بجا لائے۔ گھوڑا اپنے سوار کا آسن اور ہاتھی اپنے مہاوت کا آنکس پہچانتا ہے۔ کتا اپنے مالک کو دیکھتے ہی دم ہلانے لگتا ہے جس سے مالک کو روحانی خوشی ہوتی ہے۔ سانپ بھی سپیرے سے ہل جاتا ہے لیکن مرغیاں؟ معاف کیجیے آج تک کوئی مرغی ایسی نہیں دیکھی جو کسی اور کو پہچانے اور جس کو اپنے پرائے کی تمیز ہو

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) مولوی کی عزت (ii) لاہور کا جغرافیہ

01,09

5۔ اختر شیرانی کی نظم "برسات" کا خلاصہ لکھیے۔

05

6۔ دو سہیلیوں کے مابین فیشن کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ **یا** ۔ ایک کرکٹ میچ کا آنکھوں دیکھا حال تحریر کیجیے۔

10

7۔ چیئرمین بورڈ کے نام سند جاری کرنے کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔

10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے:

02.08

بے ترتیبی میں ایک ملکوتی حسن ہے۔ ایک اچھلتے کودتے اور شرارتیں کرتے ہوئے بچے میں جو کشش ہے وہ ایک متین، مہذب، چبا چبا کر طوطے کی طرح رٹی رٹائی باتیں کرنے والے بچے میں کہاں؟ فطرت کا سارا حسن اس کی بے ترتیبی میں ہے۔ سیدھے خط تو صرف انسان کھینچتا ہے۔ انسان کے اگائے ہوئے باغوں اور ترتیب دیے ہوئے پارکوں کا سارا حسن قاعدے اور اصول کا رہین منت ہے لیکن فطرت کا حسن تو ان باتوں کا محتاج نہیں۔ جو پاگل کر دینے والی خوبصورتی، جو نشیلی کیفیت ایک خودرو جنگل میں ہے، ایک صاف ستھرے، بنے ٹھنے ہوئے باغیچے میں کہاں؟ انسان کی ساری عمر اشیاء کو ترتیب دینے میں بیت جاتی ہے اور ہر بار فطرت کی لازوال بے ترتیبی کا عمل بڑھ کر اس ترتیب کو ختم کر دیتا ہے۔

2-XI119-51000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

رول نمبر: ____________

Faisalabad Board-2018

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

# اُردو اعلیٰ (معروضی)

Objective
Paper Code
6371

pakcity.org

وقت: 30 منٹ کل نمبر: 20

سوال نمبر 1 — ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | " گنج خوبی" کا مصنف ہے: | ملا حسین واعظ | جان گلکرائسٹ | بہادر علی حسینی | میر امن دہلوی |
| 2 | امانت لکھنوی کا پہلا ڈرامہ ہے: | شکنتلا | اندر سبھا | باپ کا گناہ | انار کلی |
| 3 | آیت قُلْ سِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ کس سبق میں دی گئی ہے؟ | خدا کی بستی | رسم ورواج | قصہ سلطان یمن | کتبہ |
| 4 | ناول "دشت سوس" کی مصنفہ ہے: | خدیجہ مستور | قرۃ العین حیدر | جیلہ ہاشمی | بانو قدسیہ |
| 5 | امراؤ جان ادا کہاں کی رہنے والی تھی؟ | دہلی | لکھنؤ | اورنگ آباد | فیض آباد |
| 6 | " آنگن" کس نے لکھا ہے؟ | پطرس بخاری | پریم چند | خدیجہ مستور | غلام عباس |
| 7 | "زیور کا ڈبہ" کا مصنف ہے: | منشی پریم چند | میرزا ادیب | نصیر احمد بھٹی | شبلی نعمانی |
| 8 | شریف حسین کی وفات کے بعد سنگ مرمر کے ٹکڑے کا کیا ہوا؟ | گھر میں پڑا رہا | گم ہو گیا | بیچ دیا | قبر پر لگا دیا |
| 9 | میرزا ادیب کی وجہ شہرت زیادہ تر کیا ہے؟ | مضمون نگاری | تنقید نگاری | افسانہ نگاری | ڈرامہ نگاری |
| 10 | پطرس بخاری کی تحریر ہے: | میبل اور میں | زیور کا ڈبہ | کتبہ | رسم ورواج |
| 11 | تلمیح کس زبان کا لفظ ہے؟ | عربی | فارسی | اُردو | ہندی |
| 12 | یہ تشبیہ ہے: | چاند چہرہ | سرو قد | ستارہ آنکھیں | شیر جیسا بہادر |
| 13 | استعارہ کے ارکان کی تعداد ہے: | دو | تین | چار | پانچ |
| 14 | لفظ کے حقیقی اور مجازی معنی میں تشبیہ کے علاوہ کوئی اور تعلق ہو تو کیا کہلاتا ہے؟ | تشبیہ | استعارہ | مجاز مرسل | کنایہ |
| 15 | "ایک سب آگ ، ایک سب پانی" مصرع میں صنعت کی نشاندہی کیجیے: | مراعاۃ النظیر | حسن تعلیل | تضاد | تلمیح |
| 16 | "ابن مریم ہوا کرے کوئی" کونسی صنعت ہے؟ | تلمیح | تعلیل | لف ونشر | ایہام |
| 17 | "ایک جنس ہونا" کس صنعت کے لغوی معنی ہیں؟ | حسن تعلیل | تجنیس | تلمیح | مراعاۃ النظیر |
| 18 | "جزو بول کر کل مراد لینا" کس کی صورت ہے؟ | تشبیہ | استعارہ | مجاز مرسل | کنایہ |
| 19 | صنعت ہے: | تشبیہ | استعارہ | تلمیح | کنایہ |
| 20 | مشبہ کس کا رکن ہے؟ | استعارہ کا | تشبیہ کا | مجاز کا | کنایہ کا |

23-XI118-2000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Faisalabad Board-2018

رول نمبر:....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

## اُردو اعلیٰ (انشائی)

pakcity.org

وقت: 02:30 گھنٹے کل نمبر: 80

### (حصہ اوّل)

01,02,12

2۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے:

شمع تو محفل صداقت کی حسن کی بزم کا دیا ہوں میں
تو زمان و مکاں سے رشتہ بپا طائرِ سدرہ آشنا ہوں میں
کس بلندی پہ ہے مقام مرا عرش رب جلیل کا ہوں میں

02(01,04)

3۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے:

(الف) خاک چھانیں تو رہ عشق نبی ﷺ میں چھانیں ذرے ذرے سے یہاں بوئے وفا آتی ہے
غم احمد ﷺ میں میرے دل سے نکلتا ہے دھواں یا اُمنڈتی ہوئی قبلہ سے گھٹا آتی ہے

(ب) گر جیب میں زر نہیں تو راحت بھی نہیں بازو میں سکت نہیں تو عزت بھی نہیں
گر علم نہیں تو زور و زر ہے بیکار مذہب جو نہیں تو آدمیت بھی نہیں

### (حصہ دوئم)

01,01,02,06

4۔ درج ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور سیاق وسباق بھی تحریر کیجیے۔

چمپا نے نفرت کے لہجے میں کہا "جو آدمی اپنے اوپر اتنا یقین رکھے، اس کی آنکھ بچا کر ایک پائی لینا بھی گناہ سمجھتی ہوں۔ تمہاری شرافت تو جب جانتی تم کمیشن کے روپے لے جا کر ان کے حوالے کر دیتے۔ ان چھ مہینوں میں انہوں نے تمہارے ساتھ کیا کیا سلوک کیے۔ کچھ یاد ہے؟ مکان تم نے خود چھوڑا لیکن وہ 20 روپے ماہوار دیے جاتے ہیں۔ علاقے سے کوئی سوغات آتی ہے، تمہارے لیے ضرور بھیجتے ہیں۔

06,04 5۔ (الف) کسی ایک شاعر پر سوانحی اور تنقیدی نوٹ لکھیے: (i) مولانا الطاف حسین حالی (ii) خوشی محمد ناظر

02,03 (ب) میرزا ادیب پر سوانحی و تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔

05,05 6۔ کسی دو پر نوٹ لکھیے: (الف) انارکلی (ب) پرکاش (ج) عالیہ (د) امراؤ جان ادا

10 7۔ اُردو ناول کے ارتقاء پر نوٹ تحریر کیجیے۔ ۔ یا ۔ دبستانِ لکھنؤ کی خصوصیات بیان کیجیے۔

05,05 8۔ داستان اور مرثیہ پر نوٹ تحریر کیجیے۔

23-XI118-1500

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Faisalabad Board-2018

رول نمبر: __________

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

اُردو (معروضی) گروپ پہلا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

Objective
Paper Code
6021

pakcity.org

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مکہ کے تاجر اور بحرین کے خزینہ دار کی تقلید کرو اگر: | غریب ہوتو | دولتمند ہوتو | جوان ہوتو | سفری کاروبار میں ہوتو |
| 2 | سرسیّد کھانے کے بعد کیا پیتے تھے؟ | چائے | کافی | دودھ | کچھ بھی نہیں |
| 3 | بقول غالب صاحبِ فراش ہوتے ہوئے وہ مسودات کس طرح دیکھتے تھے؟ | لیٹے لیٹے | چلتے پھرتے | کھڑے کھڑے | بیٹھے بیٹھے |
| 4 | نصف دریا کو اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟ | نہر | دریا | راوی | راوی ضعیف |
| 5 | "اسرارِ خودی" کا عربی میں کون ترجمہ کرانا چاہتا تھا؟ | ایک عرب | ایک ہندوستانی | ایک انگریز | ایک پاکستانی |
| 6 | تشبیہ دینے کے لیے استعمال کیے جانے والے الفاظ کہلاتے ہیں: | حروفِ تردید | حروفِ شرط | حروفِ تشبیہ | حروفِ استفہام |
| 7 | تشبیہ کس زبان کا لفظ ہے؟ | فارسی | عربی | ترکی | ہندی |
| 8 | استعارہ میں لفظ استعمال ہوتا ہے: | حقیقی معنوں میں | لغوی معنوں میں | عرفی معنوں میں | مجازی معنوں میں |
| 9 | استعارہ کی نشاندہی کیجیے: | پانی برف کی طرح ٹھنڈا ہے | اسلم شیر ہے | نارِ نمرود | طوفانِ نوح |
| 10 | تلمیح کے لغوی معانی ہیں: | مانند قرار دینا | اشارہ کرنا | ادھار لینا | مشابہت دینا |
| 11 | اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا رنج راحت فزا نہیں ہوتا<br>اس شعر کو کیا کہیں گے؟ | مقطع | پہلا شعر | مطلع | حسنِ مطلع |
| 12 | مقطع کے لغوی معانی ہیں: | کاٹنے کی جگہ | جوڑنے کی جگہ | ملانے کی جگہ | بیٹھنے کی جگہ |
| 13 | ابن مریم ہوا کرے کوئی میرے دکھ کی دوا کرے کوئی<br>اس شعر میں قافیوں کی نشاندہی کیجیے: | ابن مریم | ہوا، دوا | دکھ | کوئی |
| 14 | پھرے راہ سے وہ یہاں آتے آتے اجل مر رہی تو کہاں آتے آتے<br>اس شعر میں ردیف کی نشاندہی کیجیے: | پھرے | اجل | آتے آتے | یہاں، کہاں |
| 15 | کیوں سنے عرضِ مضطرب مومنؔ صنم آخر خدا نہیں ہوتا<br>اس شعر میں کیا ادبی اصطلاح ہے؟ | مقطع | تشبیہ | مطلع | ردیف |
| 16 | وزیراعظم نے حلف ____ ۔ | لی | لیا | لیے | لائے |
| 17 | ایک روپے ____ زعفران دو۔ | کا | کی | کو | کے |
| 18 | یہ اُردو ____ بہترین لغت ہے۔ | کی | کا | کو | کے |
| 19 | راوی لاہور میں ____ ہے۔ | بہتی | بہتا | بہتے | چلتی |
| 20 | پیاز کس بھاؤ بک ____ ۔ | رہا ہے | رہی ہے | رہے ہیں | رہے ہوں |



Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Faisalabad Board-2018

رول نمبر:.....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

اُردو (انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

pakcity.org

## ( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,08

کوئی دن جاتا ہے پیدا ہو گی اِک دنیا نئی　　خونِ مسلم، صرفِ تعمیر جہاں ہو جائے گا
بجلیاں غیرت کی تڑپیں گی فضائے قدس میں　　حق عیاں ہو جائے گا باطل نہاں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 01,09

گل کو ہوتا صبا! قرار اے کاش!　　رہتی اک آدھ دن ، بہار اے کاش!
یہ جو دو آنکھیں ، مند گئیں میری　　اس پہ وا ہوتیں ، ایک بار اے کاش!
جان آخر تو جانے والی تھی　　اس پہ کی ہوتی ، میں نثار اے کاش!

## ( حصہ دوئم )

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) ان عمدہ کاریگروں سے جو تہذیب و شائستگی کی عمارت کے معمار ہیں، لگاتار ایک دوسرے کے بعد ہونے سے محنت اور علم و ہنر میں جو ایک بے ترتیبی کی حالت میں تھی ایک ترتیب پیدا ہوئی ہے۔ رفتہ رفتہ نیچر کی گردش نے موجودہ نسل کو اس زرخیز اور بے بہا جائیداد کا وارث کیا ہے جو ہمارے پرکھوں کی ہوشیاری اور محنت سے مہیا ہوئی تھی اور وہ جائیداد ہم کو اس لیے نہیں دی گئی ہے کہ ہم صرف مثلِ مارِ سرِ گنج اس کی حفاظت ہی کیا کریں۔

(ب) ہم سوچتے ہیں کہیں ایسا نہ ہو مشرق ہاتھ میں رہے، نہ مغرب۔ کیا عجب سند باد کی طرح کسی نادیدہ جزیرے میں جا نکلیں جہاں کسی پیر تسمہ پا سے مڈبھیڑ کا بھی اتنا ہی خطرہ ہے جتنا کسی شہزادی مہر افروز کے ہم پر جان سے عاشق ہونے کا۔ بلکہ پہلا امکان کچھ زیادہ ہی ہے۔ تاہم اے دوستو! اب کیا ہو سکتا ہے۔ اب تو ہم دنیا کے گول ہونے کا ثبوت لینے کو چل دیے۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھئے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) اوور کوٹ (ii) لاہور کا جغرافیہ 01,09

5۔ مولانا ظفر علی خان کی نظم "مستقبل کی جھلک" کا خلاصہ لکھئے۔ 05

6۔ دو دوستوں کے درمیان بیروزگاری کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ ۔ یا ۔ کسی ادبی تقریب کا آنکھوں دیکھا حال تحریر کیجیے۔ 10

7۔ چیئرمین ثانوی تعلیمی بورڈ کے نام سند کے اجراء کی درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے: 02,08

یاد رکھو جو کوئی خدا کے بندوں پر ظلم کرتا ہے تو خدا خود اپنے مظلوم بندوں کی طرف سے ظالم کا حریف بن جاتا ہے اور معلوم ہے خدا جس کا حریف بن جائے اس کی حجت باطل ہو جاتی ہے۔ وہ خدا سے لڑائی ٹھاننے کا مجرم ہوتا ہے یہاں تک کہ باز آجائے اور توبہ کر لے۔ خدا کی نعمت کو اس سے بڑھ کر بدلنے والی اور خدا کی عقوبت کو اس سے زیادہ بلانے والی اور کوئی چیز نہیں کہ آدمی ظلم اختیار کر لے۔

1-XI118-59000

Please visit for more data at: www.pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

رول نمبر: ____________

# Faisalabad Board-2018

☆

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

## اُردو (معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 20

Objective
Paper Code
6022

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | اچھن کے باپ کی تنخواہ کتنی تھی؟ | پانچ روپے | دس روپے | پندرہ روپے | بیس روپے |
| 2 | "التصریف" کس زبان میں لکھی گئی؟ | فارسی | عربی | انگریزی | ہندی |
| 3 | اس دنیا کی بنیاد ہے: | اختلافِ عمل پر | تعاون پر | اجتماعی عمل پر | ذاتی عمل پر |
| 4 | ڈاکٹر فضل الباری کون تھے؟ | وزیرِ خارجہ | وزیرِ اعلیٰ | وزیرِ صحت | وزیرِ قانون |
| 5 | حضرت قمر نے ____ اُبلی ہوئی چائے کا پیالہ تیار کیا۔ | تیس دفعہ | چالیس دفعہ | پچاس دفعہ | بیس دفعہ |
| 6 | تشبیہ ہے: | میرا بیٹا آ گیا | میرا شیر آ گیا | میرا چاند جیسا بیٹا آ گیا | میرا دولہا آ گیا |
| 7 | بچہ پھول جیسا ہے۔ اس جملے میں بچہ کیا ہے؟ | وجہِ تشبیہ | مشبہ بہ | حرفِ تشبیہ | مشبہ |
| 8 | طرفین استعارہ سے کیا مراد ہے؟ | مستعار لہٗ | مستعار منہٗ | مستعار لہٗ مستعار منہٗ | وجہ جامع |
| 9 | تلمیح کہتے ہیں: | تاریخی واقعہ کی طرف اشارہ کرنا | ایک چیز کو دوسری سے ملانا | غزل کا پہلا شعر | غزل کا آخری شعر |
| 10 | اورنگ سلیمان ہے: | تشبیہ | حرفِ تشبیہ | استعارہ | تلمیح |
| 11 | کہاں، مہرباں، درمیاں، شعری اصطلاح کی رُو سے کیا ہیں؟ | ردیف | مطلع | مقطع | قافیہ |
| 12 | ردیف ہمیشہ آتی ہے: | بے آواز | بلا آواز | بہ تکرار | بلا تکرار |
| 13 | اگر غزل میں دوسرا شعر بھی ہم قافیہ اور ہم ردیف ہو تو اسے کہتے ہیں: | مطلع اوّل | حسنِ مطلع | مطلع ثانی | مطلع ثالث |
| 14 | اُردو غزل میں زیادہ سے زیادہ مطلع پائے گئے ہیں: | دو | تین | چار | پانچ |
| 15 | غزل کے آخری شعر کو کہتے ہیں جبکہ تخلص استعمال کیا گیا ہو: | پہلا شعر | آخری شعر | مقطع | مطلع |
| 16 | کراچی، لاہور سے ____ دور ہے۔ | کتنا | کتنی | کتنے | کتنیں |
| 17 | میں نے "قصہ چہار درویش" نہیں ____ ۔ | پڑھا | پڑھی | پڑھے | پڑھیں |
| 18 | راوی لاہور میں ____ ہے۔ | بہتی | بہتے | بہتا | رہتی |
| 19 | اس ____ ناک دیکھو۔ | کا | کی | کے | کیں |
| 20 | گھر عورت کی سلطنت ____ ہے۔ | ہوتیں | ہوتا | ہوتے | ہوتی |



Please visit for more data at: www.pakcity.org
www.pakcity.org
pakcity.org

www.pakcity.org www.pakcity.org

# Faisalabad Board-2018

رول نمبر:....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ

pakcity.org

اُردو (انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

## (حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,08

لاکھ پردوں میں ہے تُو بے پردہ سو نشانوں پہ ، بے نشاں تُو ہے
تُو ہے خلوت میں ، تُو ہے جلوت میں کہیں پنہاں ، کہیں عیاں تُو ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے: 01,09

ذکرِ اغیار سے ہوا معلوم حرفِ ناصح برا نہیں ہوتا
تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا
تم مرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

## (حصہ دوئم)

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) زہراوی کی اس کتاب کا نام "تصریف" ہے۔ یہ پوری کتاب یوں تو علم علاج کی دونوں شاخوں طب یعنی میڈیسن اور جراحت یعنی سرجری پر مشتمل ہے۔ لیکن اس کا سب سے اہم حصہ سرجری کا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس سے پہلے طب یعنی میڈیسن پر تو عربی میں بہت سی کتابیں لکھی جا چکی تھیں لیکن جراحت یعنی سرجری پر اعلیٰ معیار کی پہلی مفصل کتاب "تصریف" کا ذکر آتا ہے تو اس سے "تصریف" یعنی سرجری کی کتاب ہی مراد ہوتی ہے۔

(ب) بلاشبہ اس وقت تک وہ دم توڑ چکا تھا۔ اس کا جسم سنگِ مرمر کی میز پر بے جان پڑا تھا۔ اس کا چہرہ جو پہلے چھت کی سمت تھا کپڑے اتارنے میں دیوار کی طرف مڑ گیا تھا۔ معلوم ہوتا تھا کہ جسم اور اس کے ساتھ روح کی اس برہنگی نے اسے خجل کر دیا ہے اور وہ اپنے ہم جنسوں سے آنکھیں چرا رہا ہے۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) ابوالقاسم زہراوی (ii) سفارش 01,09

5۔ نظیر اکبر آبادی کی نظم "تسلیم ورضا" کا خلاصہ لکھیے۔ 05

6۔ دو دوستوں کے درمیان اُردو زبان کی اہمیت وافادیت پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ ۔۔ یا ۔۔ کالج میں منعقدہ کسی ادبی تقریب کی روداد تحریر کیجیے۔ 10

7۔ ملازمت کے حصول کے لیے ڈائریکٹر تعلیمات کے نام درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے: 02,08

طالب علمی کا زمانہ خوشیوں اور امنگوں کا زمانہ ہوتا ہے۔ طالب علم اپنے والدین کے سایہ شفقت میں فکر معاش اور ہر قسم کی خاندانی الجھنوں سے آزاد رہ کر اپنے تعلیمی سفر کو جاری رکھتا ہے۔ طالب علمی کے دور میں طلبہ کو بعض ایسی خوشیاں بھی حاصل ہوتی ہیں جو حصول علم کا زمانہ ختم ہونے کے ساتھ ساتھ ختم ہو جاتی ہیں، مثلاً فرصت کے اوقات میں اپنے ہم جماعتوں کی محبتیں، اس دور کے بے لوث یارانے، کھیل کے میدان اور تعلیمی اداروں کی تقریبات میں شمولیت کے موقعوں پر آپس کی خوش گپیاں اور چھیڑ چھاڑ وغیرہ۔ یہ سنہری دور ساری عمر یاد رہتا ہے۔

2-XI118-51000

Please visit for more data at: www.pakcity.org